# چہرے کی بیماری میں داڑھی کا حکم

الحمدللہ و الصلوۃ و السلام علی رسول اللہ

**الاستفتاء**: کیافرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ داڑھی کتنی رکھنا واجب ہے اور مجھے ایسی بیماری جس کا نام Alopecia Areata ہے جس میں میرے چہرے کی کچھ جگہوں پر بال نہیں ہے اور مجھے Psoriasis بھی ہے جس میں کھال ادھڑتی ہے اور میں جہاں کام کرتا ہوں وہ کہتے ہیں کہ داڑھی کٹوادو۔اب اس حال میں کیا کروں؟

سائل: محبوب یوکے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق و الصواب

ٹھوڑی کے نیچے سے لے کر داڑھی ایک مشت یعنی چار انگلی تک رکھنا واجب ہے اس سے کمی ناجائز و حرام ہے کیونکہ داڑھی حد مقرر شرع سے کم نہ کرانا واجب اور داڑھی حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کی سنت دائمی اور اہل اسلام کے شعائر سے ہے اور اس کا خلاف ممنوع و حرام اور کفار کا شعار ہے۔

اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں: عَن ابن عمر عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ: "خَالِفُوا الْمُشْرِکِینَ، وَفِّرُوا اللِّحَی وَأَحْفُوا الشَّوَارِبَ" حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مشرکین سے مخالفت کرو داڑھیاں پوری اور مونچھیں کم کردو۔

[الصحیح البخاری کتاب اللباس باب تقلیم الأظفار: حدیث نمبر 5892/صحیح مسلم کتاب الطھارۃ باب خصال الفطرۃ ج ۱ ص ۱۲۹]

اور رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں: عشر من الفطرۃ قص الشارب واعفاء اللحیۃ الحدیث: یعنی دس چیزیں سنت قدیم انبیاء عظام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی ہیں ان سے مونچھیں کم کرانا اور داڑھی حد شرع تک چھوڑ دینا۔ (صحیح مسلم کتاب الطھارۃ باب خصال الفطرۃ ج ۱ ص ۱۲۹)

شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ شرح میں فرماتے ہیں: "حلق کردن لحیہ حرام ست وروش افرنج وہنود وجوالقیان کہ ایشاں راقلندریہ نیز گویند وگزاشتن آں بقدر قبضہ واجب ست وآں کہ آنرا سنت گویند بمعنی طریقہ مسلوک دردین ست یا بجہت آنکہ ثبوت آں بہ سنت ست چنانکہ

نماز عیدرا سنت گفته اند "داڑھی منڈانا حرام ہے، یہ افرنگیوں، ہندؤوں اور جوالقیوں کا طریقہ ہے جو قلندریہ بھی کہلاتے ہیں۔ اور داڑھی بمقدار ایک مٹھی چھوڑنا واجب ہے اور داڑھی

کے متعلق جو کہا جاتا ہے کہ یہ سنت ہے تو اس کا مفہوم یہ ہے کہ وہ دین میں ایک جاری طریقہ ہے یا یہ وجہ ہے کہ اس کا ثبوت سنت کے ساتھ ہے جیسا کہ نماز عید کو سنت کہتے ہیں۔ (اشعۃاللمعات کتاب الطہارۃ باب السواک الفصل الاول ۱/ ۲۱۲)

داڑھی کی مقدار کے بارے میں سیدی اعلی حضرت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃالرحمٰن فرماتے ہیں کہ
ریش ایک مشت یعنی چار انگلی تک رکھنا واجب ہے اس سے کمی ناجائز۔ مزید فرماتے ہیں کہ اور ظاہر ہے کہ مقدار ٹھوڑی کے نیچے سے لی جائے گی یعنی چھوٹے ہوئے بال اس قدر ہوں وہ جو بعض بیباک جہال لب زیریں کے نیچے سے ہاتھ رکھ کر چار انگل ناپتے ہیں کہ ٹھوڑی سے نیچے ایک ہی انگل رہے یہ محض جہالت اور شرع مطہر میں بیباکی ہے غرض اس قدر میں تو علمائے سنت کا اتفاق ہے۔ [فتاوی رضویہ ج ۲۲ ص ۵۸۱]
سوال میں مذکور ان بیماریوں کی وجہ سے داڑھی کا قطع کرنا تو ایسا کرنا ناجائز ہے کیونکہ ان بیماریوں کی وجہ داڑھی شریف نہیں ہے۔ ہاں اگر جلد وغیرہ کا علاج کرنے کے لیے داڑھی کاٹنے کی ضرورت پڑے تو کاٹنا جائز ہوگا جبکہ اس کے بغیر چارہ کار نہ ہو۔

الاشباہ والنظائر میں ہے کہ "**الضرورات تبیح المحظورات**" ضرورتیں ممنوعات کو جائز کر دیتی ہیں
[الاشباہ والنظائر القاعدۃ الاولی ص ۱۰۷]
باقی رہا کہ کام والوں کے کہنے کی وجہ سے داڑھی کاٹنا بھی ناجائز و حرام ہے۔ بلکہ ہر فعل حرام میں ان کی اطاعت حرام ہے۔
جیسا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا **"لاطاعة لمخلوق في معصية الله" اللہ سبحانہ وتعالی کی نافرمانی میں مخلوق کی کوئی اطاعت نہیں** [المعجم الکبیر للطبرانی ج1ص185حدیث نمبر367]
اور ترمذی شریف کی حدیث مبارکہ جو ابن عمر رضی اللہ تعالی عنہما سے مروی ہے اس میں ہے کہ قَالَ رَسُولُ اللہِ صَلَّى اللہُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: **"السَّمْعُ وَالطَّاعَةُ عَلَى الْمَرْءِ الْمُسْلِمِ فِيمَا أَحَبَّ وَكَرِهَ، مَا لَمْ يُؤْمَرْ بِمَعْصِيَةٍ، فَإِنْ أُمِرَ بِمَعْصِيَةٍ، فَلَا سَمْعَ عَلَيْهِ وَلَا طَاعَةَ"** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تک اسے نافرمانی کا حکم نہ دیا جائے، مسلمان پر سمع وطاعت لازم ہے جس میں وہ پسند کرے اور ناپسند کرے، اور اگر اسے معصیت کا حکم دیا جائے تو نہ اس

کے لیے سننا ضروری ہے اور نہ اطاعت کرنا ضروری۔ [سنن الترمذی باب ماجاء لا طاعة لمخلوق في معصية الخالق حدیث نمبر 1707]

**اگر وہ داڑھی کاٹنے پر مجبور کریں تو ایسا کام کو چھوڑ کر نیا روزگار اپنائے اللہ عزوجل اس میں برکت دے گا کیونکہ اللہ عزوجل ہی بہتر رزق دینے والا ہے۔**

**قرآن پاک میں ہے:** وَ اللّٰهُ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ : اور اللہ کا رزق سب سے اچھا [الجمعة: ١١]

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

**کتبہ ابوالحسن محمد قاسم ضیاء قادری**

**Question:**

What do the scholars of mighty Sharī’ah say concerning the wājib (necessary) length that the beard must be grown upto? Also I suffer from a condition called *Alopecia Areata* because of which there are hairless patches on my face. I also suffer from *Psoriasis* which results in the flaking of my skin and my workplace has said that I should shave my beard. Now in this state what should I do?

**Answer:**

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایةَ الحَق و الصواب

It is wājib (necessary) to grow the beard to the length of one fist (i.e. four fingers) starting from below the chin. To shorten it from this length is impermissible because it is wājib to refrain from shortening the beard from its sharī’ah established amount and the beard is a perpetual sunnah of the Leader of creation the Prophet Muhammad (may the peace and blessings of Allāh be upon them) and all the other Prophets (may the peace and blessings of Allāh be upon them). The beard is also from the outward signs of the people of Islām and opposition to it is forbidden, harām and the outward sign of the disbelievers.

Sayyiduna ‘AbdAllah ibn ‘Umar (may Allāh be please with them both) narrates from the Messenger of Allāh (may the peace and blessings of Allāh be upon him) that he said:

“Oppose the polytheists, make the beards copious and trim the mustaches” [Sahīhayn]

The Noble Prophet (may the peace and blessings of Allāh be upon him) also said:

“Ten [matters] are from fitrah (natural disposition) cutting the mustache and making the beard copious…[to the end of the hadith].
[Sahīh Muslim]

Shaykh al-Muhaddith Abd al-Haqq al-Dehlawī in his commentary states:

“It is harām to shave the beard, it is the way of the europeans, the hindūs and the jāwālaqiyān who are also known as qalandars [pseudo Sufis]. To leave the beard to grow in size to a fist length is wājib. That which is said regarding the beard that it is sunnah then the meaning of this is that keeping a beard is an established action in the Dīn or that it is established from the Prophetic Sunnah just as the eid prayer [whose ruling is wājib] is termed Sunnah also.

[Ashi’ah al-Luma’āt volume 1 page 212]

A’la Hazrat al-Imām Ahmad Ridā Khān (may Allāh cover him with mercy) says concerning the size of the beard that it is wājib to grow the beard hair to a fist length i.e. four fingers and to trim it less than this is impermissible. He furthermore states that it is evident that this length is understood from beneath the chin i.e. that the hair that is grown should be of this length. That which some audacious ignorants do by placing their fingers from below their lips and measuring four fingers such that only one finger remains below the chin is sheer ignorance and audacity before the pure Sharī’ah. This amount [four fingers from below the chin] is agreed upon by the ‘ulamā of the Sunnah.

[al-Fatāwā al-Ridwiyyah volume 22 page 581]

Cutting the beard because of the skin conditions mentioned in the question is impermissible because the beard is not the cause of these conditions. If an extreme necessity (darūrah) was established in cutting the beard for the purpose of treatment then it will be permissible to cut the beard when there is no other possible way. It is mentioned in al-Ashbāh wa al-Nazhā'ir that "extreme necessities permit the forbidden".

[al-Ashbāh wa al-Nazhā'ir pg 107]

As for the cutting of the beard due to the saying of the people at the workplace then this is also impermissible and harām. In fact obedience to them in every harām action is harām. Just as the Noble Prophet (may the peace and blessings of Allāh be upon him) said:

"There is no obedience to creation in disobedience to Allāh"

[al-Mu'jam al-Saghīr hadith 367]

In the blessed hadith reported in al-Tirmidhi from Sayyidunā 'Abdullah bin 'Umar (may Allāh be pleased with both of them) it is said: the Messenger of Allāh (may the peace and blessings of Allāh be upon him) said:

"It is upon a Muslim to hear and obey in that which he likes and dislikes as long as he is not ordered with disobedience. So if he is ordered with disobedience then there is no hearing and no obeying."

[Sunan al-Tirmidhī, hadith 1707]

If these people force you to cut off his beard then one should leave this employment and take up another means of earning. Allāh will grant blessing in that because it is Allāh alone, Who is the granter of better provision.

It is mentioned in the Holy Qur'ān:

**“And Allāh is the Best of providers”**
[Sūrah al-Jumu’ah Verse 11]

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

**کتبہ ابوالحسن محمد قاسم ضیاء قادری**